تعمیراتی انڈسٹری

کام پر زخمی ہونے والے ملازمین کے لیے پائلٹ
بحالی پروگرام

نجی آؤٹ پیشنٹ بحالی کا علاج فراہم کرتا ہے

**ملازمین کے جلد صحت یاب ہونے اور کام پر واپس لوٹنے
مین سہولت فراہم کرتا ہے**

勞工處
Labour Department

工傷僱員復康先導計劃
PILOT REHABILITATION PROGRAMME
for Employees Injured at Work

کام پر زخمی ہونے والے ملازمین کے لیے پائلٹ بحالی پروگرام (پائلٹ پروگرام)

- تعمیراتی انڈسٹری میں زخمی ہونے والے ملازمین کی صحت یابی اور جلد کام پر واپس آنے میں مدد کرتا ہے
- فوری طور پر نجی آؤٹ پیشنٹ بحالی علاج فراہم کرتا ہے (بشمول طبی علاج [1]، فزیو تھراپی، پیشہ ورانہ تھراپی اور امیجنگ ایگزامینیشنز سروسز)
- سرکاری ہسپتال/عوامی کلینک جیسی فیس [2]
- علاج کا فالو اپ کرنے اور کام پر واپس جانے کے لیے نامزد کردہ شخص

اہلیت کا معیار

- کام کے دوران زخم یا چوٹ جو 1 ستمبر 2022 کو یا اس کے بعد ہوئی
- کام کے وقت زخمی ہونے والا ملازم تعمیراتی انڈسٹری میں کام میں مشغول تھا
- کام کے دوران حادثے کی وجہ سے پٹھوں میں چوٹ لگی ہے، یا پٹھوں کے آکیوپیشنل مرض میں مبتلا ہو گیا ہے، جیسا کہ ایمپلائیز کمپنسیشن آرڈیننس (ای سی او) ECO[3] میں بیان کیا گیا ہے
- کام سے 6 ہفتے یا اس سے زیادہ غیر حاضر رہا ہو، یا کام سے متعلقہ چوٹ کی وجہ سے 6 ہفتے یا اس سے زیادہ وقت کے لیے غیر حاضر رہنے کی توقع ہو۔

نوٹ

(1) بحالی کے علاج کے سنہرے دور کا موقع پانے کے لیے، پائلٹ پروگرام زخمی تعمیراتی ملازمین پر قابل اطلاق ہے جنہوں نے کام کی چوٹ کی تاریخ سے 6 ماہ کے اندر لیبر ڈیپارٹمنٹ سے پائلٹ پروگرام میں شامل ہونے کی اپنی خواہش کی تصدیق کی ہے۔ (براہ کرم تفصیلات کے لیے "مزید نکات برائے معلومات" میں سوال (1) ملاحظہ کریں)

(2) پروگرام میں شامل سے پہلے زخمی تعمیراتی ملازمین کو کیس ڈاکٹر کی طرف سے پیش کردہ طبی تشخیص پر عمل کرنا چاہیے تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ ان کی چوٹیں پائلٹ پروگرام کے تحت علاج کے لیے موزوں ہیں۔

پائلٹ پروگرام کے فوائد

پائلٹ پروگرام آجروں اور زخمی ملازمین دونوں کے لیے فائدہ مند ہے:

- سرکاری ہسپتال/عوامی کلینک سروسز کا انتظار کرنے کی ضرورت نہیں
- نجی آؤٹ پیشنٹ بحالی علاج کی خدمات فوری اور آسانی سے حاصل کریں
- جلد از جلد صحت یاب ہونے کے لیے بحالی کے سنہرے موقع کو ضائع نہ ہونے دیں اور کام سے متعلق ان چوٹوں کو دائمی بیماریوں میں تبدیل نہ ہونے دیں
- جلدی از جلد کام پر واپس لوٹیں اور پیداواری قابلیت کو قائم رکھیں

1 یہ جنرل پریکٹیشنرز/فیملی ڈاکٹروں، آرتھوپیڈک ڈاکٹروں یا پیشہ ورانہ ڈاکٹروں کی جانب سے فراہم کیا جاتا ہے۔

2 ایمپلائیز کمپنسیشن آرڈیننس کے تحت آجر سے معاوضہ کی درخواست کی جاسکتی ہے۔

3 6 عضلاتی امراض جنہیں ECO آکیوپیشنل امراض کے طور پر بیان کرتا ہے ان میں ہاتھ یا بازو کی اکڑن/کھنچاؤ، ہاتھ میں دب لگنے سے درد، گھٹنےمیں درد، کہنی میں درد، ہاتھ یا بازو کا سخت پڑنا، اور کارپل ٹنل سینڈروم یا ہاتھ سن ہو جانا شامل ہیں۔

آجروں کو کیا کرنا چاہیے؟

پیشہ ورانہ حادثات کے معاملات کی جلد از جلد لیبر کمیشن کو رپورٹ کرنے کے لیے آجروں کو ECO کے تقاضوں کی تعمیل کرنی چاہیے،تاکہ اہل اور زخمی ہونے والے ملازمین پائلٹ پروگرام میں جلد حصہ لے سکیں اور بحالی کا علاج حاصل کرسکیں

اہم یاد دہانی

ECO کے مطابق، آجر کو حادثے کے 14 دنوں کے اندر یا آجر کو حادثہ کا معلوم ہونے کے فوراً بعد لیبر کمیشن کو آکیوپیشنل حادثات کی اطلاع دینی چاہیے۔

نوٹ کرنے کے مزید نقاط

(1) پروگرام کے اہل ایک زخمی تعمیراتی ملازم کو کیا کرنا چاہیے اگر وہ پائلٹ پروگرام میں شرکت کرنا چاہتا ہے؟

- لیبر ڈپارٹمنٹ کام کی چوٹ کے رپورٹ شدہ کیسوں کی بنیاد پر ابتدائی طور پر مناسب زخمی تعمیراتی ملازمین کی شناخت کرے گا اور پائلٹ پروگرام متعارف کرانے کے لیے ان سے رابطہ کرے گا۔ اہل زخمی تعمیراتی ملازمین جو پائلٹ پروگرام میں شامل ہونا چاہتے ہیں انہیں لیبر ڈیپارٹمنٹ کے ساتھ اس بات کی تصدیق کرنی ہوگی کہ وہ کام کی چوٹ کی تاریخ سے 6 ماہ کے اندر پائلٹ پروگرام میں حصہ لینے کی خواہش رکھتے ہیں۔ (ٹیلی فون: 24176594)

  اگر زخمی ملازمین کو شک ہے کہ ان کے آجر اپنے کام کی چوٹوں یا پیشہ ورانہ امراض کی اطلاع کمشنر برائے ملازمت کو دینے میں ناکام رہے ہیں تو وہ محکمہ ملازمت کے ملازمین کے معاوضہ ڈویژن(ECD) سے براہ راست رابطہ کر سکتے ہیں۔ پتے اور انکوائری کی لائن درج ذیل ہیں:

  ECDکی سنٹرل پروسیسنگ ٹیم:
  Room 1007, 10/F, Cheung Sha Wan Government Offices, 303 Cheung Sha Wan Road, Kowloon

  ECDکے دوسرے دفاتر کے پتے:
  براہ مہربانی LD کی ویب سائٹ ملاحظہ فرمائیں:
  www.labour.gov.hk

  انکوائری لائن:2717 1771 (ہاٹ لائن "1823" کے زیر انتظام)

(2) ECO کے مطابق کیا پائلٹ پروگرام میں حصّہ لینے سے زخمی ہونے والے ملازمین کے حقوق اور مفادات متاثر ہوتے ہیں؟

- ECO کے مطابق پائلٹ پروگرام میں حصّہ لینے سے زخمی ملازمین کے حقوق اور مفادات متاثر نہیں ہوتے۔ ECO کے تحت ملازمین قانونی معاوضے کے حقدار ہیں اور پیشہ ورانہ حادثات کی وجہ سے مستقل نا اہلی کا تخمینہ ECO کے ضوابط کے مطابق جاری رہے گا۔

پائلٹ پروگرام سروسز کےمتعلق کیا مزید معلومات حاصل کرنا چاہتے ہیں؟

پائلٹ پروگرام سروس ہاٹ لائن پر رابطہ کریں نمبر
2293 7000

پائلٹ پروگرام ویب سائٹ **www.prp-wiro.gov.hk**
براؤز کریں۔

ای میل کریں **enquiry@prp-wiro.hk**

آکیوپیشنل حادثہ بحالی کے دفتر میں جائیں پتہ
Unit A, 11/F, TAL Building, 49 Austin Road, Tsim Sha Tsui
(Near Exit C2 of Jordan Station or Exit F of Austin Station)

Other languages

Traditional Chinese	Simplified Chinese	English
Hindi हिंदी	Nepali नेपाली	Sinhala සිංහල
Tagalog	Thai ภาษาไทย	Bahasa Indonesia